# تعلیم میں روایت اور جدید اختراع کا ہم آہنگ امتزاج ہونا چاہیے

## 'ایک ہندوستان اور ایک دنیا' کے موضوع پر منعقدہ سالانہ ثقافتی میلے اور اسٹڈی گرانٹ ایوارڈ سے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کا خطاب



پھگواڑہ/نئی دہلی۔(یو این آئی) ہندوستانی طلباء جدت، تنوع اور عالمی قیادت کے جذبے کی نمائندگی کرتے ہیں وہ تحقیقی صلاحیتوں، اختراعات، صنعت کاری اور اخلاقی یقین کے جذبے کے ساتھ ہمارے نوجوان ہندوستان کو دنیا کے لئے ایک ماڈل ملک بنا سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے لولی پروفیشنل یونیورسٹی (ایل پی یو) میں "ایک ہندوستان اور ایک دنیا"، کے موضوع پر منعقدہ سالانہ ثقافتی میلے اور اسٹڈی گرانٹ ایوارڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ایک مضبوط اور خود انحصار ہندوستان کی تعمیر میں فعال شراکت دار بنیں اور وہ قومی تعمیر، اختراع اور عالمی قیادت میں فعال طور پر حصہ لیں اور جمہوریت، تحقیق، قانون سازی اور ٹیکنالوجی کی اپ گریڈیشن میں شامل ہو کر ہندوستان کی ترقی کی کہانی میں بامعنی رول ادا کریں۔اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ آج ہندوستان کو دنیا بھر میں اس کے نوجوانوں کے لئے پہچانا جاتا ہے جیسے کہ ٹیکنالوجی، گورننس، تعلیم اور انٹر پرینیور شپ جیسے شعبوں میں۔انھوں نے طلباء کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ پورے عزم کے ساتھ چیلنجوں کا مقابلہ کریں اور اختراع، لگن اور خدمت کے جذبے کے ساتھ دنیا میں ہندوستان کی پوزیشن کو مزید مضبوط کریں۔

مسٹر اوم برلا نے کہا کہ تعلیم میں روایت اور جدید اختراع کا ہم آہنگ امتزاج ہونا چاہیے۔ ٹیکنالوجی اور عصری علمی نظام کو اپناتے ہوئے ثقافتی روایات کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سائنس، ٹیکنالوجی اور جدید تکنیکوں کو ہندوستان کی قدیم تعلیمی روایات میں شامل لازوال اقدار پر مبنی ہونا چاہیے۔ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں یہ ضروری ہے کہ تعلیمی نظام نہ صرف ہنر مند پیشہ ور افراد بلکہ سماجی طور پر باشعور شہری بھی پیدا کرے جو ورثے کی قدر کریں اور مستقبل کی تشکیل کے لیے لیس ہوں۔لولی پروفیشنل یونیورسٹی (ایل پی یو) کو ہندوستان کی تعلیمی ترقی کی علامت بتاتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر نے کہا کہ یہ یونیورسٹی تنوع میں اتحاد کے جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی یو ملک کے ثقافتی تنوع کا حقیقی مظہر ہے جہاں ہندوستان کی ہر ریاست کے ساتھ ساتھ 50 سے زیادہ ممالک کے طلباء باہمی احترام اور دوستی کے ماحول میں ایک ساتھ پڑھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایل پی یو نے خود کو وقت کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق ڈھال لیا ہے اور ہندوستانی اقدار اور ثقافت کو برقرار رکھتے ہوئے طلباء کو عالمی معیار کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔"ایک ہندوستان، ایک دنیا" جیسے پروگرام ہندوستانی تہذیب کے نظریہ "وسودھیوا کٹمبکم" کی بہترین مثال ہیں۔آج ہم ایک ایسی دنیا میں رہ رہے ہیں جو ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہے۔ایسے میں ہندوستان کے نوجوانوں کو قومی حدود سے باہر سوچنا چاہئے اور عالمی شہری بننا چاہئے جو دل سے ہندوستانی ہیں اور یہی ایک ہندوستان اور ایک دنیا کا صحیح مطلب ہے۔

لوک سبھا کے اسپیکر نے ہندوستان کے روشن مستقبل اور نوجوان نسل میں اپنے اعتماد کے بارے میں اپنی امید کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جب ہم 2047 کی طرف بڑھ رہے ہیں، تو آیئے ایک ایسے ہندوستان کی تعمیر کا عزم کریں جو نہ صرف ترقی یافتہ ہو بلکہ انصاف پر مبنی، ہمدرد اور علم سے بھرپور ہو۔آیئے ہم ایک ایسی دنیا بنانے کی کوشش کریں جس میں ہندوستان اپنی ابدی زندگی کی اقدار کے ساتھ آگے بڑھے اور ہر ہندوستانی عالمی بہبود میں اپنا حصہ ڈالے۔انہوں نے اقتصادی ترقی، سماجی مساوات، عالمی قیادت اور پائیداری کے وژن پر مبنی ترقی یافتہ ہندوستان 2047 کے تصور کے بارے میں بھی بات کی۔مسٹر برلا نے اپنے خیالات سے نوجوانوں کے دلوں کو چھو لیا اور ان پر زور دیا کہ وہ ہندوستان کی تقدیر کا تعین کرنے میں فعال حصہ دار بنیں۔اس تقریب میں 50 ممالک کے طلباء سمیت ہزاروں طلبائ، فیکلٹی ممبران، ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ اس موقع پر رکن اسمبلی اشوک متل اور دیگر معززین موجود تھے۔

## وزیر اعظم مودی کا سعودی عرب دورہ

# جے رام رمیش نے شاہ سعود کے 1955 کے دورے کی یاد دلائی



نئی دہلی: وزیر اعظم نریندر مودی منگل کے روز یعنی آج سعودی عرب کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہو گئے۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب دنیا میں سفارتی توازن تیزی سے بدل رہا ہے اور ہندوستان مغربی ایشیا کے ساتھ اپنے اسٹریٹیجک تعلقات کو مزید گہرا کرنا چاہتا ہے۔اس موقع پر کانگریس کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا کے رکن جے رام رمیش نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' (سابقہ ٹوئٹر) پر ایک اہم تاریخی واقعہ یاد دلاتے ہوئے موجودہ دورے کو ایک طویل سفارتی روایت کا تسلسل قرار دیا۔جے رام رمیش نے اپنی پوسٹ میں 1955 میں سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سعود بن عبدالعزیز آل سعود کے 17 روزہ دورۂ ہند کا حوالہ دیا، جو 26 نومبر سے 13 دسمبر تک جاری رہا تھا۔اس دوران سعودی بادشاہ نے دہلی، ممبئی، کھڑک واسلا، بنگلورو، میسور، حیدرآباد، آگرہ، علی گڑھ اور وارانسی جیسے اہم شہروں کا دورہ کیا تھا۔ اس دورے کو ہندوستان-سعودی عرب تعلقات کے ابتدائی اور مضبوط سنگ میل کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔جے رام رمیش نے مزید بتایا کہ دلچسپ امر یہ ہے کہ یہی وہ وقت تھا جب سوویت یونین کے دو طاقتور رہنما نکیتا خروشیف اور نکولائی بولگانن بھی ہندوستان کے دورے پر آئے ہوئے تھے۔ان کے دو مرحلوں پر مشتمل اس دورے کی تاریخیں 18 سے 30 نومبر اور 7 سے 14 دسمبر 1955 تھیں، یعنی شاہ سعود اور سوویت رہنماؤں کے دورے ایک دوسرے سے متصادم ہو رہے تھے، جس سے اس وقت کے ہندوستانی خارجہ تعلقات کی اہمیت اور توازن کا اندازہ ہوتا ہے۔جے رام رمیش کے مطابق، سعودی بادشاہ کے دورے کے بعد ہندوستان کے اس وقت کے وزیر اعظم جواہر لال نہرو نے 24 سے 28 ستمبر 1956 کے دوران سعودی عرب کا سرکاری دورہ کیا تھا۔ان تاریخی سفارتی تبادلوں نے دونوں ملکوں کے درمیان نہ صرف سیاسی بلکہ ثقافتی و اقتصادی روابط کی بنیاد رکھی۔جے رام رمیش نے اپنی پوسٹ کے ساتھ شاہ سعود اور پنڈت نہرو کے دوروں کی ویڈیوز اور تصویری جھلکیاں بھی شیئر کیں، جن میں اس وقت کے عوامی جوش و خروش اور مہمان نوازی کی جھلک نمایاں ہے۔دوسری جانب وزیر اعظم مودی کے جاریہ دورے کے دوران توقع ہے کہ حج امور، توانائی، سرمایہ کاری، فری ٹریڈ معاہدے اور دفاعی تعاون سمیت متعدد شعبوں میں دوطرفہ گفت و شنید ہوگی۔ممکنہ طور پر کئی اہم معاہدوں پر دستخط بھی ہوں گے، جو ہندوستان اور سعودی عرب کے درمیان تعاون کو نئی جہت دیں گے۔مودی کا یہ دورہ نہ صرف سفارتی تعلقات کو وسعت دینے کا موقع ہے بلکہ یہ ہندوستان کی مغربی ایشیائی پالیسی کے تحت ایک اہم قدم بھی تصور کیا جا رہا ہے۔

# گجرات: داہود میں این ٹی پی سی کے سولر پلانٹ میں شدید آتشزدگی

## 400 کروڑ روپے کا سامان جل کر خاک

داہود (ایجنسی) گجرات کے داہود کے بھاٹھی واڑا میں زیر تعمیر سولر پلانٹ میں شدید آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا ہے۔ یہ آگ رات کو تقریباً 9 بجے لگی اور ہوا کی وجہ سے اتنی تیزی سے پھیلی کہ پلانٹ میں 400 کروڑ روپے سے زیادہ کا سامان پوری طرح جل کر خاک ہو گیا۔سولر پینل، ٹرانسفارمر، کیبل جیسے سامان یہاں رکھے ہوئے تھے، ان میں سے زیادہ تر سامان پوری طرح سے جل چکے ہیں۔آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی این ٹی پی سی کے ملازمین موقع پر پہنچے لیکن تب تک آگ اتنی بھڑک چکی تھی کہ اس پر قابو پانا مشکل ہو گیا۔70 میگاواٹ کا یہ سولر پلانٹ وزیر اعظم نریندر مودی کا ڈریم پروجیکٹ تھا۔ذرائع سے ملی اطلاع کے مطابق داہود اور آس پاس کے ضلعوں سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں تھیں۔ان سبھی نے آگ بجھانے کی پوری کوشش کی۔آگ بجھ رہی تھی لیکن وہاں سامان اس طرح کے تھے کہ پھر سے چنگاریاں نکلنی شروع ہو جاتی، جس کی وجہ سے آگ پر پوری طرح سے قابو نہیں پایا جاسکا۔پلانٹ کا 95 فیصد سامان جل کر خاک ہو چکا ہے۔کچھ اور جگہوں سے بھی فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کو موقع پر بلایا گیا لیکن اس کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔بتایا جاتا ہے کہ آگ ابھی تک بھڑکی ہوئی ہے۔ پولیس نے آگ کی اصل وجوہات کا پتہ لگانے کی جانچ شروع کر دی ہے۔خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ آگ سماج دشمن عناصر کے ذریعہ لگائی گئی۔آس پاس کے گاؤں کے کچھ لوگوں نے سولر پلانٹ کو لے کر اعتراض ظاہر کیا تھا اور وہ اس میں بار بار رکاوٹ ڈال رہے تھے۔حالانکہ پولیس کے آنے کے بعد معاملہ سلجھ گیا تھا۔پیر کو دن میں بھی پلانٹ پر پتھراؤ کیا گیا تھا۔ پتھراؤ کرنے والوں کی تصویریں سی سی ٹی وی میں قید ہو گئیں۔ پتھراؤ کی وجہ سے پلانٹ کے ملازمین زخمی بھی ہو گئے، انہیں اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ڈی ایس پی راج دیپ سنگھ جھالا سمیت پولیس کے بڑے افسر موقع پر موجود ہیں۔این ٹی پی سی نے 4 اپریل سے 18 اپریل تک پولیس فورس کی موجودگی میں فنسنگ کا کام کیا تھا۔دو دن قبل جب لوگوں نے احتجاج کیا تو کام روک دیا گیا۔اس کے بعد پیر سے کام دوبارہ شروع کرنے پر اتفاق ہو گیا تھا لیکن اس کے بعد جب پیر کو کام شروع ہوا تو گاؤں کا ہی ایک شخص موٹر سائیکل پر آیا اور کام بند نہ کرنے پر دیکھ لینے کی دھمکی دینے لگا۔وہ اپنے ساتھ گاؤں کے پانچ سات لوگوں کو لے کر آیا اور پتھراؤ شروع کر دیا۔

# ملک میں آدھا سچ اور پورا جھوٹ بولنے کا رجحان بڑھ رہا ہے: سپریا شرینیت





نئی دہلی۔کانگریس کی قومی ترجمان سپریا شرینیت نے بی جے پی پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ملک میں اس وقت آدھا سچ اور پورا جھوٹ بولنے کا ٹرینڈ چل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جھوٹ کو زور سے بولا جاتا ہے، مگر سچائی کو بھی اتنی ہی شدت کے ساتھ بیان کرنا چاہیے۔ وہ چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں ایک پریس کانفرنس سے قبل صحافیوں سے بات کر رہی تھیں۔سپریا شرینیت نے کہا کہ وہ یہاں ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کرنے آئی ہیں، جس میں وہ کچھ اہم نکات کو میڈیا کے ذریعے عوام کے سامنے رکھیں گی۔انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں سچ بولنا ایک جرأت کا کام ہو گیا ہے کیونکہ جھوٹ کو خوبصورتی سے پیک کر کے عوام کے سامنے رکھا جاتا ہے۔قائد حزب اختلاف راہل گاندھی کی جانب سے بیرون ملک ہندوستان کے انتخابی نظام پر اٹھائے گئے سوالات کا دفاع کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کیا واقعی اس ملک میں آزاد اور منصفانہ انتخابات ہو رہے ہیں؟ انہوں نے مہاراشٹر کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ریاست کی بالغ آبادی 9 کروڑ 54 لاکھ ہے، جبکہ ووٹروں کی تعداد 9 کروڑ 70 لاکھ کیسے ہو سکتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایسی کئی باتیں ہیں جو ملک کے انتخابی نظام پر سوالیہ نشان کھڑی کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ راہل گاندھی نے جو باتیں بیرون ملک کہیں وہ ایک حزب اختلاف کے رہنما کے طور پر ان کا فرض تھا۔انہوں نے مزید کہا کہ جب وزیر اعظم نریندر مودی چین، امریکہ، جرمنی اور دیگر ممالک میں جا کر کہتے ہیں کہ 2014 سے پہلے جو ہندوستان میں پیدا ہوا وہ خود کو کوستا تھا، تو پھر راہل گاندھی کی باتوں کو ملک کی توہین کہنا کہاں تک درست ہے؟ انہوں نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ ہندوستان میں پیدا ہونا سب سے بڑے فخر کی بات ہے۔ بی جے پی پر طنز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کے پاس عوامی مسائل پر بات کرنے کا وقت نہیں ہے، بلکہ ہر طرح کی سیاسی ڈرامے بازی کے لیے وقت نکال لیتی ہے۔ چھتیس گڑھ کی حالت پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہاں ہر گھنٹے پانچ نابالغ بچیوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے مقدمات درج ہو رہے ہیں، جو انتہائی سنگین صورتحال ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں بچیوں اور قبائلی برادریوں کی حالت پر بات ہونی چاہیے، کیونکہ یہ اصل مسائل ہیں جنہیں نظر انداز کیا جا رہا ہے۔سپریا شرینیت نے اپنی بات ختم کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو سچائی کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا، کیونکہ جھوٹ کے شور میں سچ دب جاتا ہے۔

## پروفیسر شمس الحق عثمانی کے انتقال پر تعزیت

نئی دہلی۔معروف بیدی شناس اور شعبۂ اردو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق صدر پروفیسر شمس الحق عثمانی کا 22/اپریل کو دہلی میں انتقال ہو گیا۔ غالب انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ شمس الحق عثمانی فکشن تنقید کا بڑا نام تھا انھوں نے بیدی اور منٹو پر بہت اچھی تنقید لکھی۔ان کی کتاب 'بیدی نامہ' بیدی کے فن کو سمجھنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ان کے جانے سے اردو ادب میں بڑا خلا پیدا ہوا ہے۔خدا ان کی مغفرت فرمائے اور ورثا کو صبر دے۔ غالب انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ادریس احمد نے کہا کہ وہ خالص علمی شخصیت کے مالک تھے دنیاوی معاملات سے ان کو بہت کم سروکار رہتا تھا اور ان کی گفتگو زیادہ تر کسی علمی مسئلے کے گرد گھومتی تھی۔اپنے طلبا میں بھی وہ یہی شوق و جستجو دیکھنا چاہتے تھے۔

## منی پور کے آرک بشپ نے نو دن کے سوگ کا اعلان کیا

امپھال۔ (یو این آئی) منی پور کے آرک بشپ ڈاکٹر لینس نیل نے پوپ فرانسس کے انتقال پر نو دن کے سوگ کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے آنجہانی پوپ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور پرارتھنا کی۔ انہوں نے تمام عقیدت مندوں سے درخواست کی کہ وہ پوپ کے لیے خصوصی پرارتھنا کریں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی کیتھولک برادری کے ساتھ یکجہتی کی علامت کے طور پر سوگ کی مدت کے دوران امپھال کے آرکڈیوسیز میں کوئی سرکاری تفریح نہیں ہوگی۔ آخری رسومات کے دن امپھال کے آرکڈیوسیز کے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام ادارے احترام اور خراج عقیدت کے طور پر بند رہیں گے۔

# 'شدید گرمی اور بجلی کٹوتی سے دہلی پریشان'، آتشی کا وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا پر سخت حملہ



نئی دہلی: دہلی میں شدید گرمی اور مسلسل بجلی کی کٹوتی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ اتوار کو درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا اور کئی علاقوں میں رات بھر بجلی غائب رہی۔ایسے حالات میں دہلی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر آتشی نے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا پر سخت تنقید کی ہے۔آتشی نے الزام لگایا کہ دہلی کے متعدد علاقوں میں گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے لیکن وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا زمینی حقیقت کو جھٹلا رہی ہیں۔آتشی کے مطابق وزیر اعلیٰ کا کہنا ہے کہ دہلی میں کہیں کوئی پاور کٹ نہیں ہو رہا، بلکہ لوگ اپنی مرضی سے کینڈل لائٹ ڈنر کے لیے لائٹس بند کر رہے ہیں۔انہوں نے سوال اٹھایا، "کیا دہلی کے سبھی شہری جھوٹ بول رہے ہیں؟ کیا سب نے کینڈل لائٹ ڈنر کے لیے خود سے بجلی بند کر دی ہے؟" آتشی نے کہا کہ یہ عوام کی تکلیف کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے۔اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر آتشی نے رات بھر بجلی کی کٹوتی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کی تفصیلات شیئر کیں۔ ان کے مطابق: بھجن پورہ میں رات 11:05 پر بجلی چلی گئی۔سنگم وہار (سی بلاک) میں رات 12:44 پر بجلی بند تھی۔کملا نگر میں رات 1:51 پر ایک گھنٹے سے زیادہ بجلی غائب رہی۔جیون پارک، اُتم نگر میں رات 1:52 سے بجلی نہیں تھی۔سیکٹر 2، دوارکا میں رات 1:53 سے دو گھنٹے تک بجلی نہیں آئی۔سونیا وہار میں صبح 4:16 سے بجلی نہیں تھی۔بھوگل میں صبح 4:26 سے ایک گھنٹے سے زائد کی کٹوتی رہی۔

آتشی کا دعویٰ ہے کہ یہ شکایات کرنے والے سبھی بی جے پی کے حامی ہیں، اس کے باوجود وہ بجلی کی کمی پر سراپا احتجاج ہیں۔اس کے علاوہ، کوٹلہ مبارک پور کے رہائشیوں نے وولٹیج میں اتار چڑھاؤ کی شکایت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہلی کے مختلف علاقوں میں مسلسل بجلی کی آنکھ مچولی ہو رہی ہے اور حکومت اسے تسلیم کرنے سے انکار کر رہی ہے۔ آتشی نے طنز کرتے ہوئے کہا، کیا کملا نگر، سنگم وہار، بھوگل اور اُتم نگر جیسے علاقے وزیر اعلیٰ کی نظروں میں خیالی ہیں؟ اپنے بیان کے آخر میں آتشی نے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا سے اپیل کی کہ وہ دہلی کے عوام کی پریشانیوں کو سنجیدگی سے لیں اور ان کے مسائل کا حل نکالیں۔ انہوں نے کہا، "دہلی والے پرفارمنس چاہتے ہیں، مزاح نہیں۔بجلی چاہیے، مذاق نہیں۔"

# تلگو اداکار مہیش بابو کو ای ڈی کا سمن، منی لانڈرنگ معاملے میں پوچھ تاچھ کیلئے طلب



نئی دہلی۔تلگو فلموں کے سپر اسٹار مہیش بابو کو انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) نے منی لانڈرنگ جانچ کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کے لیے طلب کیا ہے۔ اس معاملے میں دو ریئل اسٹیٹ کمپنیوں پر خریداروں کو ٹھگنے کا الزام ہے۔ای ڈی نے حیدرآباد واقع ریئل اسٹیٹ فرم سائی سوریہ ڈیولپرس اور سُرانا گروپ سے جڑے منی لانڈرنگ معاملے میں مہیش بابو کو 27 اپریل کو پوچھ تاچھ کے لیے سمن بھیجا ہے۔ مہیش بابو ان فرموں کے ذریعہ چلائے جا رہے متنازعہ ریئل اسٹیٹ پروجیکٹس کو بڑھاوا دینے کے لیے جانچ کے دائرے میں ہیں۔ رپورٹس کے مطابق مہیش بابو کو ایک انڈورسمنٹ ڈیل کے لیے سائی سوریہ وینچرس سے 5.9 کروڑ روپے کی رقم ملی تھی۔ای ڈی کے ذرائع نے اشارہ دیا ہے کہ مہیش بابو کو ادا کی گئی رقم دھوکہ دہی والی ہونے کا شبہ ہے۔اس سے جانچ مزید تیز ہو گئی ہے۔ مبینہ طور پر منی لانڈرنگ کی جانچ جاری رہنے کے دوران اداکار سے افسروں کے ساتھ تعاون کرنے کی امید ہے۔ یہ سمن دھوکہ دہی والے ریئل اسٹیٹ سودوں کی وسیع جانچ کے حصے کی شکل میں آیا ہے۔ مہیش بابو کا اس معاملے میں جزاؤ جانچ کے دائرے میں ہے۔ای ڈی نے حال ہی میں سائی سوریہ ڈیولپرس اور سُرانا گروپ اور ان سے جڑے سرمایہ کاروں کے خلاف چھاپہ ماری کی تھی۔ یہ کارروائی سکندر آباد، جوبلی ہلس اور بووین پلی جیسے حیدرآباد کے پاش علاقوں میں کی گئی تھی۔سائی سوریہ کے مالک ستیش چندر گپتا پر دھوکہ دہی اور فرضی واڑہ کا سنگین الزام ہے۔ مہیش بابو کے کام کے سلسلے میں بات کی جائے تو فی الحال وہ پرینکا چوپڑہ کے ساتھ اپنی اگلی فلم SSMB29 کی شوٹنگ میں مصروف ہیں۔اس میں پرتھوی راج سوکماران بھی ہیں۔مہیش بابو بالی ووڈ اداکارہ نمرتا شیروڈکر کے شوہر ہیں۔

# احتجاج کرنے والے اساتذہ کو ممتا بنرجی کا پیغام اسکول جائیں

## سپریم کورٹ میں ہم نے نظرثانی کی درخواست دائر کی ہے، آپ کو آپ کی تنخواہ ملے گی



کلکتہ۔(یو این آئی) اہل اور نا اہل امیدواروں کی فہرست جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے بیروزگار اساتذہ پیر کی شام سے ہی ایس ایس سی دفتر کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں۔ منگل کو وزیر اعلیٰ نے مدنی پور کالج کے میدان میں منعقد ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں احتجاج کر رہے اساتذہ سے اپیل کرتی ہوں کہ تم گرمی میں کیوں بیٹھے ہو، اسکول جاؤ، سکون سے کلاسز لو، تمہیں اپنی تنخواہ کی فکر نہیں، جو تمہیں اکسا رہے ہیں وہ تمہیں تنخواہ نہیں دیں گے، تمہاری تنخواہ حکومت ادا کرے گی۔وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر ریاست دوبارہ سپریم کورٹ سے رجوع کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں آپ کی نوکری چلی گئی، رقم روک دی گئی، ہم نے نظرثانی کی درخواست دائر کی ہے، آپ کو آپ کی تنخواہ ملے گی۔ اور جو گروپ CRD منسوخ کیا گیا تھا، ہم وکلاء سے مشاورت کے بعد ضرورت پڑنے پر اس کا دوبارہ جائزہ لیں گے۔ آپ ہم پر اعتماد کر سکتے ہیں۔جنہوں نے آپ کی نوکریاں چھینی ہے ان پر بھروسہ نہ کریں۔ممتا بنرجی نے اس فارمولے کے مخالفین کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگال میں چند لوگ بیٹھے ہیں جو پی آئی ایل دائر کر کے لوگوں کی نوکریاں چھینتے ہیں۔وزیر اعلیٰ نے اپوزیشن کی تنقید کرتے ہوئے مزید کہا کہ ہائی کورٹ میں ایک بار پھر کیس زیر التوا ہے۔ 35000 ہزار افراد کی نوکریاں چھیننے کی کوشش کی جا رہی ہے۔مگر پہلے ان کے خاندان اور بچوں کے بارے میں سوچنا ہوگا۔اہل اور نا اہل کی فہرست کی اشاعت کا مطالبہ کرنے والے بے روزگاروں کی پوزیشن کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میں نے کل شام سے کم از کم 10 بار ان سے بات کی ہے۔ اگر میں کلکتہ میں ہوتی تو میں اسے ایک سیکنڈ میں طے کر سکتی تھی۔کئی بے روزگار اساتذہ کا اصرار ہے کہ حکومت جلد سے جلد اہل اور نا اہل افراد کی فہرست شائع کرے۔ممتا بنرجی نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ دوسروں کی باتوں پر کیوں قدم اٹھا رہے ہیں؟ آپ کو یہ دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے کہ کون اہل ہے اور کون نا اہل ہے۔یہ دیکھنے کے لیے ریاستی حکومت موجود ہے۔ ایک عدالت ہے، ہم دیکھیں گے کہ آپ کو کیا کام کرنا ہے، عدالت کہتی ہے کہ آپ کو کام کرنا ہے یا نہیں۔ تنخواہ ملتی ہے یا نہیں، ہمیں دیکھنا ہوگا۔بی جے پی کی تنقید کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ "اتر پردیش میں 69 ہزار لوگوں کی نوکریاں چلی گئیں، بی جے پی کی حکومت کے دوران کسی کو بھی نوکری واپس نہیں ملی۔ میں آپ سے کہہ رہی ہوں کہ آپ انہیں واپس دلائیں گے۔ہم عدالت گئے اور آپ کے لیے لڑیں گے۔

# دہلی ہائی کورٹ کا سخت اعتراض: بابا رام دیو روح افزا کے خلاف تمام اشتہارات ہٹانے پر راضی

نئی دہلی۔(یو این آئی) دہلی ہائی کورٹ نے منگل کو یوگا گرو رام دیو کے اس تبصرہ پر سخت اعتراض کیا جس میں انہوں نے ہمدرد کے روح افزا کے لیے "شربت جہاد" جیسے قابل اعتراض الفاظ استعمال کیئے تھے یوگا گرو بابا رام دیو نے منگل کو دہلی ہائی کورٹ کو مطلع کیا کہ ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن انڈیا کے روح افزا پروڈکٹ کے خلاف تمام اشتہارات چاہے پرنٹ ہوں یا ویڈیوز، ہٹا دیے جائیں گے جسٹس امت بنسل ہمدرد فاؤنڈیشن کی عرضی پر سماعت کر رہے تھے، جو رام دیو کی کمپنی پتنجلی فوڈز لمیٹڈ کے خلاف دائر کی گئی ہے۔جسٹس بنسل نے رام دیو کے وکیل سے کہا، "یہ تبصرہ عدالت کے ضمیر کو جھنجھوڑتا ہے۔ آپ اپنے موکل سے ہدایت لیں، ورنہ ہم سخت حکم دیں گے۔" عدالت کی اس ہدایت پر پتنجلی نے کہا ہے کہ وہ رام دیو کے 'شربت جہاد' کے تبصرے اور اس سے متعلق ویڈیوز اور اشتہارات کو ہٹا لیگی یا تبدیل کر دے گی۔ پتنجلی کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈوکیٹ راجیو نائر نے کہا کہ وہ "کسی مذہب کے خلاف نہیں ہیں" اور متنازعہ ویڈیوز اور اشتہارات کو ہٹانے کے لیے تیار ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر اشتہارات نہ ہٹائے گئے تو ان میں مذہب سے متعلق تمام باتیں ہٹا دی جائیں گی۔اس ماہ کے اوائل میں، رام دیو نے پتنجلی کے گلاب شربت کی تشہیر کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ "ہمدرد کے روح افزا سے حاصل ہونے والی رقم مدرسوں اور مساجد کی تعمیر میں استعمال ہوتی ہے۔" بعد میں رام دیو نے اپنے تبصرہ کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کسی برانڈ یا فرقہ کا نام نہیں لیا تھا۔

# میر واعظ نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کو ناقابل برداشت قرار دیا



سری نگر۔(یو این آئی) حریت کانفرنس کے چیرمین میر واعظ مولوی محمد عمر فاروق نے پہلگام میں سیاحوں پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کو نہایت افسوسناک اور پریشان کن قرار دیتے ہوئے اس کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں، جو سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر جاری کیا گیا، میر واعظ نے کہا 'پہلگام سے آنے والی خبر نہایت افسوسناک اور پریشان کن ہے، جہاں سیاحوں پر ایک بزدلانہ حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا۔'انہوں نے کہا کہ ایسی پرتشدد کارروائیاں ناقابل قبول ہیں اور کشمیری سماج و ثقافت کی ان روایات کے سراسر منافی ہیں جو مہمان نوازی، محبت اور امن پر مبنی ہیں۔میر واعظ نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔انہوں نے کہا کہ ایسے حملے نہ صرف انسانی اقدار کے منافی ہیں بلکہ کشمیر کی مجموعی شبیہہ کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔

## محبوبہ مفتی کی پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت



سری نگر۔(یو این آئی) پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر محبوبہ مفتی نے منگل کے روز پہلگام میں پیش آئے دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے محبوبہ مفتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری ایک بیان میں کہا، 'ہم پہلگام دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں ہمارے دل متاثرین اور اُن کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں انہوں نے مزید کہا، 'یہ بے مقصد تشدد کسی بھی صورت میں جائز قرار نہیں دیا جاسکتا، یہ صرف درد اور تکلیف لاتا ہے۔' پی ڈی پی سربراہ نے کہا کہ ایسے پرتشدد واقعات کا کوئی جواز نہیں ہو سکتا اور ان کا نتیجہ صرف انسانی جانوں کا ضیاع اور سماجی انتشار ہوتا ہے۔واضح رہے کہ پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے میں ایک درجن کے قریب افراد زخمی ہوئے جس کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے کو محاصرے میں لے کر بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیا ہے۔

## مہاراشٹر میں گرمی کی شدت میں اضافہ، یلو الرٹ جاری

ممبئی۔(یو این آئی) مہاراشٹر کے مختلف علاقوں میں موسم گرما کی شدت میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، جس کے پیش نظر محکمہ موسمیات نے ممبئی، تھانے، پالگھر اور رائے گڑھ کے لیے یلو ہیٹ الرٹ جاری کیا ہے۔ اگرچہ ممبئی میں سمندر سے چلنے والی ہوائیں وقتی طور پر راحت کا باعث بنی ہوئی ہیں، لیکن شہریوں کو سخت دھوپ میں بلا ضرورت باہر نکلنے سے گریز کرنے اور احتیاطی تدابیر اپنانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ماہرین کے مطابق شمال مغرب سے آنے والی گرم ہواؤں کے اثرات اور راجستھان سے گجرات کے راستے گرم لہر کے چلنے کی وجہ سے اگلے کچھ دنوں میں درجہ حرارت میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تھانے اور رائے گڑھ کے لیے بدھ تک یلو الرٹ جاری رہے گا، جبکہ ممبئی سمیت آس پاس کے علاقوں میں درجہ حرارت میں 2 سے 3 ڈگری سیلسیس تک اضافہ ہو سکتا ہے۔ اگرچہ ہیٹ ویو کی باضابطہ وارننگ جاری نہیں کی گئی، تاہم جمعرات سے کچھ کمی آنے کے آثار موجود ہیں۔اسکائی میٹ ویدر سروسز کے نائب صدر مہیش پلاوت نے بتایا کہ فی الوقت سمندری شمال مغربی ہوائیں ممبئی کے درجہ حرارت کو قابو میں رکھے ہوئے ہیں۔

